ہلاکت کا عذاب یعنی عذابِ استیصال نازل ہوا۔ قوم نوح کو غرق کیا گیا، قوم عاد اور ثمود بھی اسی طرح تباہی سے دوچار ہوئیں، قوم لوط پر آسمان سے پتھروں کی بارش ہوئی اور ان کی بستیاں برباد کر دی گئیں۔ یہ تمام حالات و واقعات ایک ہی حقیقت کی طرف راہنمائی کر رہے ہیں کہ کامیابی اس دنیا میں بھی بالآخر ان ہی کے حصے میں آنے والی ہے جو خدائے واحد کے پرستار ہوں، انبیاء و رسل کی دعوت کو قبول کریں، ان پر لبیک کہیں، نیکی اور صداقت، راستبازی اور راست روی کو اختیار کریں۔ اور بربادی مقدر بنتی ہے اس دنیا میں بھی ان کا جو دنیا میں اس کے برعکس روش اختیار کریں اور آخرت میں تو وہ دردناک انجام سے دوچار ہونے ہی والے ہیں۔

وَاٰخِرُ دَعوانا اَنِ الحَمدُ للہ ربِّ العٰلمین !

بقیہ : حرف اول

بڑی روانی کے ساتھ انگریزی میں درس قرآن دیتے اور اجتماعات جمعہ سے خطاب فرماتے ہیں۔ چنانچہ اب انگریزی زبان میں بھی ان کے دروس و خطابات کا ایک بڑا ذخیرہ جمع ہو گیا ہے اور اس طرح زبان و بیان کی حد تک رجوع الی القرآن کی اس دعوت کی انگریزی میں منتقلی کا بہت حد تک سامان ہو گیا ہے --- دوسری جانب اسی ضرورت کے پیش نظر ہم نے کچھ عرصہ پیشتر "حکمت قرآن" میں انگلش سیکشن کا اضافہ کیا تھا اور اس امر کا اہتمام کرنے کی کوشش کی تھی کہ ہر ماہ کوئی ایک نہ ایک مضمون بزبان انگریزی بھی پرچے میں شامل کیا جائے' تاہم یہ اقدام بھی حصول مقصد کے اعتبار سے ناکافی تھا۔ اب بحمد اللہ' قرآن اکیڈمی لاہور میں "انگریزی سیکشن" کا باقاعدہ قیام عمل میں آچکا ہے۔ جس کے تحت ان شاء اللہ بہت جلد ایک سہ ماہی انگریزی جریدے کا اجراء عمل میں آجائے گا۔ ہماری پوری کوشش ہو گی کہ اس جریدے کو جس کا نام "The Quranic Horison" تجویز کیا گیا ہے' معنوی اور ظاہری ہر دو اعتبارات سے اعلیٰ معیار پر شائع کیا جائے۔ اس پرچے کی ادارت کے ضمن میں کام کا زیادہ بوجھ ہمارے نوجوان ساتھی ڈاکٹر احمد افضال پر آئے گا جو انگریزی سیکشن کے انچارج ہیں۔ السعی منا والاتمام من اللہ OO